[مگر اللہ ہی جسے چاہتا ہے' پاک کردیتا ہے۔(النور ۲۴:۲۱)]

اے اللہ! مجھے پاک کردے

میرے اور تیرے علاوہ کوئی نہیں جانتا
کہ میری زندگی گناہوں میں کس طرح لتھڑی ہوئی ہے
مجھے پاک کردے' میرے رب!
میرے دل کو اس طرح پاک کردے جس طرح سفید کپڑے کو دھو کر میل کچیل سے صاف کردیا جاتا ہے

میرے رب!

—— مجھے اعمال کی پاکیزگی عطا فرما
—— مجھے نظر کی پاکیزگی عطا فرما
—— مجھے خیال کی پاکیزگی عطا فرما

اے اللہ!

—— میرے قلب کو نفاق سے پاک کردے
—— میرے عمل کو ریا سے پاک کردے
—— میری زبان کو جھوٹ سے پاک کردے
—— میری آنکھوں کو خیانت سے پاک کردے

اے میرے رب ، اے میرے اللہ!

—— تو دلوں کے کھلے اور چھپے ہر حال سے واقف ہے
—— مجھے ایسی زندگی گزارنے کی توفیق دے
کہ تو مجھ سے راضی ہو' میں تجھ سے راضی ہوں

(خیر خواہ)